# فہرست مضامین


وجہ تالیف رسالہ ہذا 6

مقدمہ کتاب 9

رسالہ ہذا لکھتے وقت جو کتابیں پیش نظر تھیں 9

فصل ۱ ..... نور محمدی ﷺ کا بیان 11

فصل ۲ ..... سابقین میں نبی اکرم ﷺ کے فضائل ظاہر ہونے کا بیان 17

فصل ۳ ..... نسب میں رسول اللہ ﷺ کے شرف و نزاہت کا بیان 21

فصل ۴ ..... والد ماجد اور جد امجد میں آپ ﷺ کے نور مبارک کے بعض آثار کا ظہور 23

فصل ۵ ..... جب آپ ﷺ بصورت حمل بطن مادر میں مستقر ہوئے آپ ﷺ کے بعض برکات 25

فصل ۶ ..... ولادت شریفہ کے وقت بعض واقعات کا بیان 26

فصل ۷ ..... ولادت شریفہ کا دن' تاریخ' وقت' جگہ' مہینہ' سن 31

فصل ۸ ..... طفولیت کے بعض واقعات کا بیان 32

فصل ۹ ..... ان مرد عورتوں کے نام جو آپ ﷺ کی تربیت اور رضاعت میں یکے بعد دیگرے شریک رہے 37

فصل ۱۰ ..... شباب سے نبوت تک کے بعض حالات 38

فصل ۱۱ ..... نزول وحی اور کفار کی مخالفت 41

فصل ۱۲ ..... معراج شریف کے واقعات 45

فوائد متعلقہ واقعہ معراج 83

تفسیر آیت اسرا 87

فصل ۱۳ ..... ہجرت حبشہ کا بیان 95


marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| فصل ۱۴ ..... قبل از ہجرت کے بعض دیگر اہم واقعات | 96 |
| فصل ۱۵ ..... مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت فرمانا | 99 |
| فصل ۱۶ ..... مدینہ طیبہ میں تشریف آوری اور متفرق واقعات | 103 |
| فصل ۱۷ ..... رسول اللہ ﷺ کے غزوات کا بیان | 104 |
| فصل ۱۸ ..... نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے والے وفود کا بیان | 121 |
| فصل ۱۹ ..... حکام اور اہل کاروں کو متعین فرمانے کا بیان | 123 |
| فصل ۲۰ ..... ملوک و سلاطین کی طرف فرمانوں کی روانگی | 124 |
| فصل ۲۱ ..... آپ ﷺ کے بعض شمائل و اخلاق اور عادات کا بیان | 126 |
| فصل ۲۲ ..... رسول اللہ ﷺ کے بعض معجزات کا بیان | 178 |
| فصل ۲۳ ..... آپ ﷺ کے بعض اسماء شریفہ کا مع مختصر تفسیر بیان | 191 |
| فصل ۲۴ ..... رسول اللہ ﷺ کے بعض خصائص کا بیان | 193 |
| فصل ۲۵ ..... رسول اللہ ﷺ کے ماکولات' مشروبات' مرکوبات وغیرہ | 195 |
| فصل ۲۶ ..... رسول اللہ ﷺ کے اہل و عیال و حشم و خدم کا بیان | 204 |
| فصل ۲۷ ..... وفات شریف سے آپ ﷺ پر اور آپ کی امت پر نعمت و رحمت الہیہ کے تام اور کامل ہونے کا بیان | 208 |
| فصل ۲۸ ..... عالم برزخ میں آپ ﷺ کے بعض احوال و فضائل | 219 |
| فصل ۲۹ ..... آپ ﷺ کے چند خاص فضائل کا قیامت میں ظہور | 222 |
| فصل ۳۰ ..... آپ ﷺ کے وہ خصائل جو جنت میں ظاہر ہوں گے | 227 |
| فصل ۳۱ ..... آپ ﷺ کے افضل المخلوقات ہونے کا بیان | 230 |
| فصل ۳۲ ..... بعض آیات کی مختصر تحقیق جن کے ظاہر الفاظ سے رسول اللہ ﷺ کے فضائل کے معارضہ کا وسوسہ پیدا ہو سکتا ہے | 233 |
| فصل ۳۳ ..... رسول اللہ ﷺ کے بعض لوازم عبدیت کا بیان | 237 |
| فصل ۳۴ ..... رسول اللہ ﷺ کی شفقت امت کے ساتھ | 240 |
| فصل ۳۵ ..... رسول اللہ ﷺ کے حقوق جو امت کے ذمہ ہیں | 244 |


marfat.com
Marfat.com

اس پر ہے کہ نور جس درجہ میں مانع رویت ہوتا ہے وہ درجہ مرئی نہیں ہوا اور آخرت میں یہ عادۃ مبدل ہو جائے گی اور ایسا انکشاف ہو گا کہ اس سے فوق استعداد بشری کے لیے متصور نہیں اور مطلق رویت کی نفی کو مستلزم نہیں اور خواتیم اور سورہ بقرہ وغیرہ کا نزول مدینہ میں ہونا اس رویت کے منافی نہیں کہ اس وقت اجمالاً وعدہ ہوا ہو گا پھر مدینہ میں نزول تفصیلاً عطا ہو گیا اور پانچ نمازوں کے ملنے سے مراد یہ ہے کہ آخر میں پانچ رہ گئیں اور ظاہراً یہ سب کلام مقام رویت میں ہوئے ہیں۔

قرینہ اس کا یہ ہے کہ انیسویں واقعہ میں مقام صریف الاقلام کے بعد نمازوں کا فرض ہونا ثابت ہوتا ہے اور مقام صریف اقلام کے بعد ظاہراً یہی مقام کلام ہوتا ہے گو ممکن ہے کہ نماز کی فرضیت قبل از انتقال مقام صریف الاقلام کے ہوئی ہو اور خود یہ امور جن کے ساتھ کلام واقع ہوا ظاہراً متحد الوقت ہیں۔ جب فرضیت صلوٰۃ کا یہ وقت ہے تو سب مکالمات کا یہی ہو گا' واللہ اعلم۔ اور یہ حدیثوں میں کعب رضی اللہ عنہ کا قول ہے ان اللّٰہ قسم رؤیته وکلامه مبین محمد صلی اللّٰہ علیه وسلم وموسٰی۔ (کذا رواہ الترمذی) اس سے نفی کلام کی لازم جنہیں آتی کیونکہ مراد اس سے عادۃ کلام کی ہے جو مرۃ بعد آخریٰ ہو اور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا کلام خاص ایک ہی بار واقع ہوا۔

چنانچہ اسی حدیث میں کعب رضی اللہ عنہ کا قول ہے : فکلم موسٰی مرتین وارہ محمد صلی اللّٰہ علیه وسلم مرتین۔ اور یہ روایت مَرَّتَیْنِ جو فرمایا ظاہر یہی ہے جو ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ ایک بار دل سے دیکھا' ایک بار بصر سے دیکھا اور یہ جو حدیث میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی نسبت آیا ہے کہ ان کے قبل کسی سے شافہۃ کلام نہیں ہوا' مراد اس سے یہ ہے کہ ایسے درجے کے آدمیوں میں پس اس سے مکالمت نبویہ کی نفی میں ہوئی اور یہ جو ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ خلت ابراہیم علیہ السلام کے لیے اور رویت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے' مراد اس سے بعض آثار خاصہ خلت کے ہیں تو ان کے اختصاص بابراہیم علیہ السلام سے انتفاء نفس خلت کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لازم نہیں آتا۔

اور یہ جو ارشاد ہوا کہ نیکی کا ارادہ لکھا جاتا ہے اور بدی کا نہیں لکھا جاتا' مراد اس مرتبہ عزم کا نہیں وہ تو خود ایک عمل ہے کہ بدی میں بھی لکھا جائے گا بلکہ مراد اس سے مرتبہ تمنی

marfat.com
Marfat.com

کَمْ جَدَّلَتْ کَلِمَاتُ اللّٰهِ مِنْ جَدَلٍ فِیْهِ وَکَمْ خَصَمَ الْبُرْهَانُ مِنْ خَصِمٍ

(ترجمہ) (۱) اور تو ہرگز نہ دیکھے گا آپ کے کسی دوست کو کہ اس کو آپ کی برکت سے مدد نہ پہنچی ہو اور نہ تو ان کا کوئی ایسا دشمن دیکھے گا کہ اس کو شکست فاش نہ پہنچی ہو۔ (۲) آپ نے اپنی امت اجابت کو اپنے دین کے مضبوط و مستحکم قلعہ میں اُتارا (ان کو کوئی مغلوب و مقہور نہیں کر سکتا) جیسا کہ شیر اپنے بچوں کو لے کر اپنے بیشہ میں فروکش ہوتا ہے (کہ کسی کا مقدور نہیں کہ ان کو وہاں ستا سکے) (۳) اور بہت دفعہ کلام اللہ نے خاک مذلت پر ڈال دیا اس شخص کو جس نے آنحضرت ﷺ کی شان میں جھگڑا کیا اور ان کی نبوت کا انکار کیا اور بہت دفعہ غالب ہوئیں دلائل آپ کی اثبات رسالت کی منکر شدید الخصومتہ پر۔ (عطر الوردہ) (چنانچہ اس موقعہ پر صحابہ کرام کا غلبہ ہوا اور کلام اللہ نے نجاشی پر اثر کیا)

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

## فصل نمبر ۱۴

# قبل از ہجرت کے بعض دیگر اہم واقعات (۱)

**پہلا واقعہ :** جب آپ پر وحی اول نازل ہوئی اور آپ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بیان فرمایا' وہ آپ کو ورقہ (۲) کے پاس لے گئیں۔ انہوں نے آپ کے صاحبِ وحی ہونے کی تصدیق کی اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا دولت ایمان سے مشرف ہوئیں اور عورتوں میں سب سے اول حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور جوانان احرار میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور لڑکوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور غلاموں میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور آزاد شدہ غلاموں میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ اور

---

(۱) اس پوری فصل کے مضامین تواریخ حبیب الہ سے لیے ہیں گو الفاظ و ترتیب میں تبدیل ہو۔
(۲) یہ وہ ہیں جن کا ذکر دسویں فصل کی دوسری روایت میں آیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

سے ہے اور اسی نقض عہد کے سبب کعب بن الاشرف کے قتل کا حکم دیا' وہ قتل کیا گیا اور اسی سال شوال کی ابتدا میں غزوہ اُحد واقع ہوا جس کا قصہ چوتھے پارہ کے پاؤ سے شروع ہو کر نصف تک پہنچا ہے۔ پھر غزوہ حمراء الاسد کی ایک منزل میں واقع ہوا۔ اس کا قصہ یہ ہے کہ جب اُحد سے کفار چلے گئے تو پھر راہ سے مدینہ لوٹنے کا ارادہ کیا۔ آپ ﷺ یہ خبر سن کر خود صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو لے کر روانہ ہوئے۔ جب کفار نے یہ سنا تو پھر ڈر کے مارے لوٹ گئے۔ چونکہ آپ حمراء الاسد پہنچے تھے اس کے نام پر اس کا نام مقرر ہوا پھر بقیہ شوال و ذیقعدہ و ذی الحجہ کوئی واقعہ نہیں ہوا۔

جب محرم کا چاند نظر آیا تو طلحہ بن خویلد کے بغرض مقابلہ آنے کی خبر سن کر حضرت ابو سلمہ کو ڈیڑھ سو (۱۵۰) مہاجرین اور انصار کی ہمراہی میں مقابلہ کے لیے بھیجا' لڑائی نہیں ہوئی اور غنیم کے مواشی ہاتھ آئے' وہ لے کر مدینہ آپہنچے پھر پانچویں محرم کو خالد بن سفیان کے لشکر جمع کرنے کا سن کر حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کو مقابلے کے لیے بھیجا وہ اس کو قتل کر کے اس کا سر لائے اور واپسی ان کی بعد اٹھارہ روز کے تیئس (۲۳) محرم کو ہوئی تھی۔

پھر صفر کے مہینہ میں سریہ رجیع واقع ہوا۔ کفار مکہ کے بہکانے پر کچھ لوگ قبیلہ عضل و قارہ کے براہ فریب آپ کی خدمت میں آکر بظاہر مسلمان ہوئے اور درخواست کی کہ ہمارے ساتھ کچھ لوگ کر دیجیے کہ ہم کو احکام سکھلا دیں۔ آپ ﷺ نے دس آدمی ساتھ کر دیئے۔ جب یہ لوگ رجیع پر ایک تالاب ہے قبیلہ ہذیل کا' پہنچے تو قبیلہ ہذیل کو مدد کے لیے بلا لیا اور بد عہدی کی۔ بعض اس وقت شہید ہوئے جیسے عاصم رضی اللہ عنہ اور بعض پکڑ لیے گئے جیسے خبیب رضی اللہ عنہ اور بعد میں شہید کر دیے گئے۔

اس صفر کے مہینہ میں واقعہ بئر معونہ کا ہوا۔ یہ ایک جگہ ہے بلاد ہذیل میں درمیان مکہ اور عسفان کے۔ وہ اس طرح ہوا کہ ایک شخص عامر بن مالک رہنے والا نجد کا قوم بنی عامر سے حضور اقدس ﷺ میں حاضر ہوا اور کہا میں مسلمان ہو جاتا مگر مجھ کو قوم کا خیال ہے' آپ کچھ لوگ میرا ساتھ دیں کہ میری قوم کو دعوت اسلام دیں پھر مجھ کو بھی کوئی تامل نہ ہو گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھ کو اہل نجد کا ڈر ہے۔ اس نے کہا کچھ ڈر نہیں میں اپنی پناہ میں لے لوں گا۔ آپ ﷺ نے ستر (۷۰) آدمی اصحاب میں سے جو قراء

marfat.com
Marfat.com

خُلُقُهُ الْقُرْاٰنَ یَرْضٰی بِرِضَاهُ وَیَسْخَطُ بِسَخَطِهٖ حَتّٰی قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اِنَّكَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ جَبَلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ اَصْلِ فِطْرَتِهٖ عَلٰی مَكَارِمِ الْاَخْلَاقِ وَرَزَانَةِ الطَّبْعِ وَاعْتِدَالِ الْمِزَاجِ وَقَالَتْ اٰمِنَةُ بِنْتُ وَھْبٍ اِنَّ نَبِیَّنَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وُلِدَ بَاسِطًا یَدَیْهِ اِلَی الْاَرْضِ رَافِعًا رَاْسَهٗ اِلَی السَّمَاءِ۔

اپنے اصحاب کو دیبا کی قبائیں جس میں سونے کے تار بنے ہوتے تھے تقسیم فرماتے تھے اور جو اُن میں موجود نہ ہوتے ان کے لیے اٹھا کر رکھتے تھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا ہے کہ آپ کا خلق قرآن تھا اس کی خوشی کی بات سے آپ خوش ہوتے تھے اور اس کی ناخوشی کی بات سے آپ ناخوش ہوتے تھے (یعنی قرآن سے جو بات حق تعالیٰ کے خوش یا ناخوش ہونے کی ثابت ہوتی ہے آپ کی خوشی و ناخوشی اسی کے تابع تھی) حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ آپ خلق عظیم پر قائم ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اصل فطرت میں مکارم اخلاق اور متانت طبع اور اعتدال مزاج پر پیدا کیا تھا۔ اور حضرت آمنہ بنت وہب کہتی ہیں کہ آپ جس وقت پیدا ہوئے تو آپ کے دونوں ہاتھ زمین کی طرف کھلے ہوئے تھے اور سر آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے تھے۔

## (وصل دہم' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عصمت میں)

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَشَاْتُ بُغِّضَ اِلَیَّ الْاَوْثَانُ وَالشِّعْرُ وَلَمْ اَھُمَّ بِشَیْءٍ مِّنْ اُمُوْرِ الْجَاھِلِیَّةِ اِلَّا مَرَّتَیْنِ فَعَصَمَنِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی مِنْهُمَا ثُمَّ لَمْ اَعُدْ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مجھ کو ہوش آیا بتوں سے اور شعر گوئی سے مجھ کو نفرت تھی اور کبھی کسی امر جاہلیت (یعنی امر غیر مشروع) کا مجھ کو خیال تک بھی نہیں آیا بجز دو بار کے اور اس سے بھی اللہ تعالیٰ نے مجھ کو محفوظ رکھا پھر اس (خیال) کی بھی نوبت نہیں آئی۔

## (وصل یازدہم' تتمہ وصل نہم میں)

وَكَانَ اَصْبَرَ النَّاسِ عَلٰی اَذَاھُمْ

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ایذا دینے پر سب سے

marfat.com
Marfat.com

## (وصل دوازدہم' دوسرے بعض اخلاق جمیلہ و طرز معاشرت)

قَالَ ابْنُ عُمَرَ مَا رَأَيْتُ اَشْجَعَ وَلَا اَنْجَدَ وَلَا اَجْوَدَ وَلَا اَرْضٰى مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنَّا يَوْمَ بَدْرٍ نَلُوْذُ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ الشُّجَاعُ مَنْ يَقْرُبُ مِنْهُ اِذَا دَنَى الْعَدُوَّ لِقُرْبِهٖ مِنْهُ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ ٍ الْخُدْرِيِّ كَانَ اَشَدَّ حَيَاءً مِّنَ الْعَذْرَاءِ فِيْ خِدْرِهَا وَكَانَ لَطِيْفَ الْبَشْرَةِ رَقِيْقَ الظَّاهِرِ لَا يُشَافِهُ اَحَدًا بِمَا يَكْرَهُهٗ وَعَنْ عَائِشَةَ لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا وَلَا سَخَّابًا بِالْاَسْوَاقِ وَلَا يَجْزِى السَّيِّئَةَ بِالسَّيِّئَةِ وَلٰكِنْ يَعْفُوْ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو كَانَ مِنْ حَيَائِهٖ لَا يُثْبِتُ بَصَرَهٗ فِيْ وَجْهِ اَحَدٍ وَكَانَ يَكْنِىْ عَمَّا اُضْطُرَّ اِلَيْهِ مِنَ الْمَكْرُوْهَاتِ وَعَنْ عَلِيٍّ كَانَ اَوْسَعَ النَّاسِ صَدْرًا وَاَصْدَقَهُمْ لَهْجَةً وَاَلْيَنَهُمْ عَرِيْكَةً وَاَكْرَمَهُمْ عَشِيْرَةً وَكَانَ يُجِيْبُ مَنْ دَعَاهُ وَيَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ وَلَوْ كَانَتْ كُرَاعًا وَيُجِيْبُ دَعْوَةَ الْعَبْدِ وَالْحُرِّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کہا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر نہ کوئی شجاع دیکھا اور نہ مضبوط دیکھا اور نہ فیاض دیکھا اور نہ (دوسرے اخلاق کے اعتبار سے) پسندیدہ دیکھا اور ہم جنگ بدر کے دن رسول اللہ ﷺ کی آڑ میں پناہ لیتے تھے اور بڑا شجاع وہ شخص سمجھا جاتا تھا جو (میدان جنگ میں) آپ سے نزدیک رہتا جب آپ غنیم کے قریب ہوتے تھے کیونکہ اس شخص کو بھی (اس صورت میں) غنیم کے قریب رہنا پڑتا تھا اور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ شرم و حیا میں اس سے بھی بڑھ کر تھے جیسے کنواری لڑکی پردہ میں ہوتی ہے اور آپ نہایت لطیف الجلد نرم اندام تھے اور کسی شخص کے روبرو ناگوار بات نہ فرماتے اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نہ آپ بروئے عادت سخت گو تھے اور نہ بہ تکلف سخت گو بنتے تھے اور نہ بازاروں میں خلاف وقار باتیں کرنے والے تھے اور برائی کا عوض برائی سے نہ دیتے تھے بلکہ معاف فرما دیتے تھے اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ غایت حیاء سے آپ کی نگاہ کسی شخص کے چہرہ پر نہیں ٹھہرتی تھی (یعنی آنکھوں میں آنکھیں نہیں ڈالتے تھے) اور کسی نامناسب چیز کا اگر کسی ضرورت سے ذکر کرنا ہی پڑتا

marfat.com
Marfat.com

مُخْتَبِئًا وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ اَنَّهٗ تَرَبَّعَ وَرُبَمَا جَلَسَ الْقُرْفُصَاءَ وَكَانَ اِذَا مَشٰى مَشٰى مُجْتَمِعًا يُعْرَفُ فِيْ مَشْيِهٖ اَنَّهٗ غَيْرُ غَرَضٍ وَلَا وَكِلٌ اَيْ غَيْرُ ضَجِرٍ وَلَا كَسْلَانُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ كَانَ فِيْ كَلَامِهٖ تَرْتِيْلٌ اَوْ تَرْسِيْلٌ عَنْ عَآئِشَةَ كَانَ يُحَدِّثُ حَدِيْثًا لَوْ عَدَّهُ الْعَادُّ لَاَحْصَاهُ وَيُحِبُّ الطِّيْبَ وَالرَّايِحَةَ الْحَسَنَةَ وَيَسْتَعْمِلُهَا كَثِيْرًا وَيَحُضُّ عَلَيْهَا وَلَا يَنْفُخُ فِيْ طَعَامٍ وَلَا فِيْ شَرَابٍ وَيُحِبُّ اِنْقَاءَ الْبَرَاجِمِ وَالرَّوَاجِبِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ مَا شَبِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ تِبَاعًا مِنْ خُبْزٍ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ عَنْ حَفْصَةَ كَانَ فِرَاشُهٗ مِسْحًا وَكَانَ يَنَامُ اَحْيَانًا عَلٰى سَرِيْرٍ مَرْمُوْلٍ بِشَرِيْطٍ حَتّٰى يُؤَثِّرَ فِيْ جَنْبِهٖ۔

نشست آپ کی اسی ہیئت سے ہوتی (اس کو احتباء کہتے ہیں اور یہ تواضع اور سادگی کی وضع ہے) حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ چار زانو بھی بیٹھے ہیں اور بعض اوقات اوکڑو[1] بغل میں ہاتھ دے کر بیٹھ جاتے اور جب آپ چلتے تو جمعیت خاطر (یعنی طمانیت کے ساتھ چلتے) آپ کی چال سے یہ معلوم ہو جاتا تھا کہ نہ آپ کے دل میں تنگی ہے (کہ گھبرائے ہوئے چلیں) اور نہ طبیعت میں سستی ہے (کہ پاؤں نہ اٹھتا ہو غرض نہ بہت تیز چلتے تھے اور نہ سست رفتار تھے) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ کے کلمات میں نہایت وضاحت ہوتی تھی اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ اس طرح کلام فرماتے تھے کہ اگر کوئی شمار کرنے والا (الفاظ کو) شمار کرنا چاہتا تو شمار کر سکتا تھا اور آپ خوشبو کی چیز اور خوشبو کو بہت پسند فرماتے اور کثرت سے اس کا استعمال فرماتے اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دیتے اور کھانے پینے کی چیزوں میں پھونک نہیں مارتے تھے اور انگلیوں اور ہڈیوں کے جوڑوں کے صاف رکھنے کو پسند فرماتے (کیونکہ یہ موقعے میل جمع ہونے کے ہیں) اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی متواتر تین روز بھی روٹی سے پیٹ نہیں بھرا یہاں تک کہ آخرت کو روانہ ہو گئے اور حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ آپ کا بستر ایک ٹاٹ تھا اور کبھی کبھی آپ چارپائی پر آرام فرماتے جو کھجوروں کے بان سے بنی ہوتی حتیٰ کہ آپ کے پہلو مبارک میں اس کا نشان پڑ جاتا۔

---

(1) فسر في القاموس القرفصاء بهذا وبالاحتباء واخترت الاول بقرينة مقابلة الاحتباء۔

marfat.com
Marfat.com

بِيَدَيْهِ وَاسْتَلْقٰى فِي الْمَسْجِدِ وَاضِعًا اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَاَيْتُهٗ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ عَلٰى يَسَارِهٖ وَرَوَاهُ اَنَسٌ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ قُطْرِيٌّ قَدْ تَوَشَّحَ بِهٖ فَصَلّٰى بِهِمْ۔

اس انگشتری پر یہ منقوش تھا محمد رسول اللہ‘ اس طرح سے کہ محمد (ﷺ) ایک سطر اور رسول ایک سطر اور اللہ ایک سطر‘ روایت کیا اس کو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اور جب آپ بیت الخلا میں جاتے تو انگشتری نکال دیتے اور اس کو (جب پہنتے تو) داہنے ہاتھ میں پہنتے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں اس کو حضرت عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے نقل کیا ہے اور حضرت انس اور حضرت جابر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے فرمایا ہے کہ آپ داہنے ہاتھ میں انگشتری پہنتے تھے اور آپ کی تلوار قبیلہ بنی حنیفہ کی ساخت کی تھی اور اس کی موٹھ کی گھنڈی (یعنی تلوار پکڑنے میں جس جگہ پر ہاتھ رہتا ہے اس کے سرے پر جو روک ہوتی ہے وہ) چاندی کی تھی (چونکہ وہ ہاتھ سے جدا رہتی ہے اس لیے چاندی کی درست ہے) اور جنگ اُحد میں آپ دو زرہیں اور فتح مکہ کے روز آپ خود (یعنی آہنی کلاہ) پہنے ہوئے تھے اور آپ جب عمامہ باندھتے تھے تو اس کو دونوں شانوں کے درمیان میں چھوڑ لیتے تھے اور کتب سیر میں بروایات صحیحہ ثابت ہے کہ آپ کبھی شملہ دونوں شانوں کے درمیان چھوڑتے تھے اور کبھی بے شملہ عمامہ باندھتے تھے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ آپ کبھی کلاہ بدون عمامہ کے اور کبھی عمامہ بدون[1] کلاہ کے پہن لیتے اور آپ کے پاس ایک سیاہ عمامہ تھا اور آپ نصف ساق تک لنگی باندھتے تھے اور اجازت اس سے نیچے بھی دی ہے مگر یہ فرما دیا ہے کہ ازار کا ٹخنوں میں کچھ حق نہیں (یعنی ٹخنے سے نہ لگنا چاہیے) اور آپ جب بیٹھتے تھے تو زانو کے گرد ہاتھوں کا حلقہ بنا لیتے اور آپ مسجد میں ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر رکھ کر چت لیٹے تھے۔ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے آپ کو بائیں کروٹ پر ایک تکیہ کا سہارا لگائے ہوئے بیٹھے دیکھا ہے اور حضرت انس

---

(۱) اور چونکہ ایک روایت میں اس کی ممانعت آئی ہے اس لیے اس کو کسی خاص حالت عذر وغیرہ پر محمول کیا جائے گا۔

marfat.com
Marfat.com

## من القصیدۃ

فَهُوَ الَّذِیْ تَمَّ مَعْنَاهُ وَصُوْرَتُهُ ثُمَّ اصْطَفَاهُ حَبِیْبًا بَارِئُ النَّسَمِ
مُنَزَّهٌ عَنْ شَرِیْكٍ فِیْ مَحَاسِنِهِ فَجَوْهَرُ الْحُسْنِ فِیْهِ غَیْرُ مُنْقَسِمِ

(ترجمہ) (۱) پس آپ فضائل باطنی و ظاہری میں کمال کے درجہ کو پہنچے ہوئے ہیں پھر خداوند تعالیٰ شانہ نے جو خالق تمام مخلوقات ہے' آپ کو اپنا حبیب بنا لیا۔ (۲) آپ اس سے پاک ہیں کہ آپ کی خوبیوں میں اور کوئی آپ کا شریک ہو پس جو ہر حسن جو آپ میں پایا جاتا ہے وہ غیر منقسم اور غیر مشترک ہے بلکہ مخصوص آپ ہی کے ساتھ ہے۔ (عطر الوردہ)

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

## فصل نمبر ۲۵

## رسول اللہ ﷺ کے ماکولات' مشروبات' مرکوبات وغیرہ

ان چیزوں کو آپ کی ذات بابرکات سے دو تعلق ہیں۔ ایک تشریع کہ ان میں کیا جائز ہے کیا ناجائز۔ اس کے متعلق روایات کو جمع کرنا اور ان سے احکام کو اخذ کرنا یہ منصب فقیہ کا ہے۔ دوسرا تعلق ان کا استعمال کرنا حاجت اور مصلحت کے لیے اس حیثیت سے یہ شعبہ سیر کا ہے' یہاں اسی اعتبار سے زاد المعاد سے مختصراً بیان کیا جاتا ہے۔

### ماکولات و مشروبات غذاءً یا دواءً

ان میں بعض وہ چیزیں ہیں جن کا خود نبی اکرم ﷺ سے استعمال ثابت ہے اور بعض وہ ہیں کہ ان کا وصف فرمایا ہے۔ چنانچہ احادیث[1] مقام سے سب بالتعیین معلوم ہو جائے گا۔

---

(۱) ان احادیث کے الفاظ یعنی ادویہ و اغذیہ کا ترجمہ [illegible] قاموس سے کیا گیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہیں۔ پھر سنہ ۸ھ میں حضرت ابراہیم ماریہ قبطیہ کے بطن سے پیدا ہوئے اور شیر خوارگی میں انتقال کر گئے صرف حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ ﷺ کی وفات کے وقت زندہ تھیں چھ ماہ بعد وفات کر گئیں تھیں۔

**اعمام :** (۱) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ (۲) حضرت عباس رضی اللہ عنہ (۳) ابو طالب (۴) ابولہب (۵) زبیر (۶) عبدالکعبہ (۷) حارث (۸) مقوم' بعض نے یہ دونوں نام ایک ہی کے بتلائے ہیں۔ (۹) ضرار (۱۰) قثم (۱۱) مغیرہ (۱۲) عیدان' بعض نے ان دونوں کو ایک کہا ہے۔ پس یہ بارہ ہوئے یا دس۔ اسلام صرف دو لائے حضرت حمزہ اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ بعض نے اور بھی اعمام لکھے ہیں۔

**عمات :** (۱) حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا' یہ اسلام لائیں۔ (۲) عاتکہ (۳) اروی' ان دونوں کے اسلام میں اختلاف ہے۔ (۴) برہ (۵) امیمہ (۶) ام حکیم۔

**موالی :** یعنی غلام و کنیز۔ (۱) حضرت زید بن حارثہ (۲) اسلم (۳) ابو رافع (۴) ثوبان (۵) ابو کبشہ (۶) سلیم (۷) شقران (۸) رباح (۹) یسار (۱۰) مدعم (۱۱) کرکرہ (۱۲) انجشہ (۱۳) سفینہ (۱۴) انیسہ (۱۵) افلح (۱۶) عبیدہ (۱۷) طہمان (۱۸) کیسان (۱۹) ذکوان (۲۰) مہران (۲۱) مروان' بعض نے یہ پانچوں ایک ہی کے نام علیٰ اختلاف الاقوال بتلائے ہیں۔ (۲۲) حنین (۲۳) سندر (۲۴) فضالہ (۲۵) مابور (۲۶) واقد (۲۷) ابو واقد قام (۲۹) ابو عسیب (۳۰) ابو مویہبہ' یہ سب غلاموں کے نام ہیں اور کنیزیں تھیں (۱) سلمیٰ (۲) ام رافع (۳) میمونہ بنت سعد (۴) خضیرہ (۵) رضوی (۶) ریشحہ (۷) ام ضمیر (۸) میمونہ بنت ابی عسیب (۹) ماریہ (۱۰) ریحانہ۔

**خدام :** یعنی گھر کے یا خاص خاص کاروبار کرنے والے۔ حضرت رضی اللہ عنہ اکثر کام ان کے متعلق تھے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نعل و مسواک کی خدمت ان کے سپرد تھی۔ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ سفر میں خچر کے ساتھ رہتے۔ اسلع بن شریک رضی اللہ عنہ یہ ناقہ کے ساتھ رہتے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ موذن آمد و خرچ ان کی تحویل میں ہوتا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ۔ حضرت ایمن بن عبیدان رضی اللہ عنہ کے متعلق وضو و استنجا کی خدمت تھی اور ان کی والدہ ام ایمن' معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان کے پاس انگشتری رہتی۔

**موذنین :** کل چار تھے دو مدینے میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ

marfat.com
Marfat.com

دونوں قدم مبارک مرض ورم میں مبتلا ہو گئے (جس سے دو وجہ سے عبدیت ثابت ہوئی شب بیداری عبادت میں اور ورم قدم مبارک) (۲) اور جنہوں نے بباعث گرسنگی کے اپنے سارے شکم مبارک کو کسا اور اپنے نرم لطیف پہلوئے مطہر کو پتھر کے تلے لپیٹا تاکہ اس کے ثقل اور سہارے سے گونہ تقویت حاصل ہو اور ضعف مانع قیام روزہ و نماز وغیرہ نہ ہو (اس سے بھی دو وجہ سے عبدیت ثابت ہوئی ایک گرسنگی دوسرے قناعت کہ عبادت ہے کیونکہ آپ نے باوجود اختیار دیئے جانے کے اسی حالت کو پسند فرمایا) (۳) اس دعوے کو جو نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بابت کیا ہے اے مخاطب غافل تو چھوڑ دے اور ایسا دعویٰ اپنے حضرت ﷺ کی نسبت مت کرو بلکہ ان کو افضل العباد سمجھ اور اس کے سوا آپ کی مدح شریف میں جس وصف کمال کا تیرا جی چاہے حکم جازم اور قطعی دعویٰ کر اور ان پر خوب مستحکم اور استوار رہ (یعنی نہ عبدیت کی نفی کرو اور نہ دوسرے بشر کے مساوی سمجھو بلکہ افضل العباد اعتقاد کرو)۔ (عطر الوردہ)

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

## فصل نمبر ۳۴

# رسول اللہ ﷺ کی شفقت امت کے ساتھ

فصول سابقہ میں تو آپ کے ذاتی جمال و کمال کا بیان تھا' اب یہ دیکھنا بھی ضروری ہے کہ آپ کو اپنے غلاموں کے ساتھ اور غلام بھی وہ جنہوں نے آپ کی کوئی خدمت نہیں کی کیا تعلق تھا۔

**پہلی روایت :** حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک بار تمام رات ایک ہی آیت پڑھتے رہے (کذا فی الشمائل للترمذی) اور ابو عبید نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ لوگوں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے پوچھا وہ

marfat.com
Marfat.com

مجھ کو دیکھ لے' روایت کیا اس کو مسلم نے۔ (کذا فی المشکوٰۃ)

**ف :** یعنی اگر اُس سے کہا جائے کہ اگر سب اہل و مال سے دست بردار ہو تو زیارت میسر ہو جائے تو وہ اس پر دل و جان سے راضی ہو گا۔

**پانچویں روایت :** حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے اللہ میں بشر ہوں مجھ کو بھی اور بشر کی طرح غصہ آجاتا ہے سو جس کسی مومن مرد یا مومن عورت پر میں (غصہ میں) بددعا کر دوں تو آپ اس بددعا کو اس شخص کے لیے تزکیہ اور تطہیر کر دیجئے' روایت کیا اس کو احمد نے۔ (کذا فی الرحمة المهداة)

**چھٹی روایت :** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کاش ہم اپنے بھائیوں کو دیکھتے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا تم تو میرے دوست ہو اور میرے بھائی وہ لوگ ہیں جو ہنوز نہیں آئے' الحدیث روایت کیا اس کو مسلم نے۔ (کذا فی المشکوٰۃ)

**ف :** چونکہ دوست کے ساتھ محبت کی ابتداء صحبت ہی سے ہوتی ہے اور بھائی سے محبت ہونا مقید نہیں۔ رویت و صحبت کے ساتھ پس صحابہ کو دوست اور بعد میں آنے والوں کو بھائی فرمانا باعتبار وقوع حالت محبت کے ہے کہ ان کی محبت کا وقوع رویت سے ہوا اور بعد والوں کی محبت کا وقوع بے دیکھے ہوا اور اس سے صحابہ کرام پر غیر صحابہ کی فضیلت محبت میں لازم نہیں آتی کیونکہ یقیناً صحابی کی ایسی استعداد تھی کہ اگر وہ حضور پرنور ﷺ کو نہ دیکھتے جب بھی محبت میں ہم سے زیادہ ہوتے۔

**ساتویں روایت :** ابی جمعہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کوئی ہم سے بھی بہتر ہے کہ ہم اسلام لائے اور جہاد کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں ایک قوم ہے جو تمہارے بعد ہوں گے کہ مجھ پر ایمان لائیں گے اور مجھ کو دیکھا بھی نہ ہو گا۔ (روایت کیا اس کو احمد اور دارمی نے)

**ف :** یہ بہتر ہونا خاص عارض کی وجہ سے ہے نہ کہ کسی صفت حقیقیہ کی وجہ سے نہیں پھر اس بہتری میں بھی صحابہ کو دخل ہے کیونکہ ہم کو ایمان کی دولت صحابہ ہی کی بدولت نصیب ہوئی کہ انہوں نے دین کی لسانی سنانی ہر طرح کی خدمت کی پس ہماری تفضیل ان

marfat.com
Marfat.com

پر لازم نہیں آتی۔

ف : ان روایات میں بعض نے تمام امت اجابت پر کہ مومنین ہیں اور بعض نے تمام امت دعوت پر کہ ان میں کفار بھی داخل ہیں اور بعض سے بعد میں آنے والوں پر شفقت تامہ اور بعض سے ان کے بعد میں آنے والوں کی مدح اور ان کے محب نبی ہونے کی تصدیق جیسے چوتھی روایت میں اور بعض سے مدح کے ساتھ ان کے محبوب نبی ہونے کی تحقیق جیسے چھٹی ساتویں روایت میں مذکور ہے کہ مدح و محبت و محبوبیت کا اظہار بھی ناشی محبت سے ہوا ہے اور قیامت میں جو شفاعت اور دعا والتجا امت کے لیے ہو گی اس کی احادیث مشہور اور بعض انتیسویں' تیسویں فصل میں مذکور ہیں اور ان کے علاوہ اس مدعا پر بے شمار روایات و واقعات شاہد ہیں۔ اس فصل کے ایراد سے جو غرض ہے وہ فصل آئندہ کی تمہید میں بیان کی جائے گی۔

## مِنَ الْقَصِیْدَةِ

بُشْرٰی لَنَا مَعْشَرَ الْاِسْلَامِ اِنَّ لَنَا　　مِنَ الْعِنَایَةِ رُکْنًا غَیْرَ مُنْهَدِمِ
لَمَّا دَعَی اللّٰهُ دَاعِیْنَا لِطَاعَتِهٖ　　بِاَکْرَمِ الرُّسْلِ کُنَّا اَکْرَمُ الْاُمَمِ
اِنْ اٰتِ ذَنْبًا فَمَا عَهْدِیْ بِمُنْتَقِضٍ　　مِنَ النَّبِیِّ وَلَا حَبْلِیْ بِمُنْصَرِمِ
حَاشَاهُ اَنْ یُّحْرَمَ الرَّاجِیْ مَکَارِمَهٗ　　اَوْ یَرْجِعَ الْجَارُ مِنْهُ غَیْرَ مُحْتَرَمِ

(ترجمہ) (۱) اے گروہ اسلام ہم کو خوشخبری ہے بیشک ہمارے لیے عنایات خاصہ باری تعالٰی سے ایسا ستون محکم عنایت ہوا ہے جو کبھی متغیر و متبدل نہ ہو گا بلکہ ہمیشہ الی یوم القیامہ ثابت و قائم رہے گا یعنی ہمارا دین ناسخ ہے اور کبھی مثل اور ادیان کے منسوخ نہ ہو گا۔ (۲) جب کہ اللہ تعالٰی نے ہمارے حضرت ﷺ کو جو ہم کو طاعت الٰہی کی طرف بلانے والے ہیں افضل و اکرم رسل اللہ کہہ کر پکارا تو ہم اس ذریعہ سے سب امتوں سے افضل ہوئے کیونکہ رسول کا افضل ہونا امت کی افضیلت کا واقعی سبب ہے۔ (۳) اگر میں گناہ کر رہا ہوں یا کیا ہے تو میرا ذمہ شفاعت نبی ﷺ سے ٹوٹنے والا نہیں ہے اور نہ میری امید کی رسی کٹنے والی ہے یعنی میں بسبب ارتکاب جرائم حضرت کی شفاعت سے

marfat.com
Marfat.com

